**06.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، برازیل کے شہر Rio de Jeneiro میں 17وِیں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا ہے کہ برکس اقتصادی تعاون اور عالمی بھلائی کیلئے اب بھی ایک طاقتور وسیلہ ہے۔

☆ کانفرنس میں عالمی حکمرانی میں اصلاحات، آب وہوا کو درپیش چیلنج اور مصنوعی ذہانت AI سمیت بہت سے معاملات پر خاص توجہ رہی۔

☆ انتخابی کمیشن نے بہار میں ووٹر رجسٹریشن کے ضابطوں کو آسان بنایا۔کمیشن نے ذاتی معلومات پر مشتمل فارموں کو، بغیر کسی دستاویزات کے داخل کرنے کی اجازت دی۔

☆ آج ملک بھر میں یوم عاشور منایا جارہا ہے۔مختلف جگہوں پر تعزیوں کے جلوس نکالے جارہے ہیں۔

☆ اسرائیل نے جنگ بندی اور یرغمالوں سے متعلق ایک معاہدے پر حماس کے ساتھ بات چیت کیلئے ایک ٹیم، قطر روانہ کی ہے۔

☆ بھارت کی ساکشی چودھری نے، قزاخستان کے شہر استانہ میں عالمی مکے بازی کپ میں خواتین کے 54 کلو گرام کے زمرے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بھارت، برمنگھم میں اینڈرسن–تیندولکر ٹرافی کے دوسرے ٹیسٹ میچ کو جیتنے کیلئے میچ میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Brazil Argentina**

وزیر اعظم نریندر مودی، برازیل کے شہر Rio de Janeiro میں 17وِیں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ اِس دو روزہ کانفرنس میں بہت سے عالمی رہنما حصہ لے رہے ہیں اور یہ آج شام شروع ہوئی ہے۔برازیل کے صدر Lula da Silva نے کانفرنس میں پہنچنے پر وزیر اعظم مودی کا خیر مقدم کیا۔

بعد میں، ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ Rio de Janeiro میں اِس سال کی

برکس کانفرنس کی میزبانی پر، صدر Lula کے شکر گزار ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ برکس، اقتصادی تعاون اور عالمی بھلائی کا اب بھی ایک طاقتور وسیلہ ہے۔

کانفرنس کے دوران، بہت سے معاملات پر مذاکرات کئے جائیں گے، جن میں عالمی حکمرانی میں اصلاحات، آب وہوا میں تبدیلی سے متعلق چیلنجز اور مصنوعی ذہانت AI وغیرہ شامل ہیں۔

برکس، برازیل، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ پر مشتمل ہے۔ تین سال کے دوران، اِس گروپ میں توسیع ہوئی ہے اور ایران، مصر، نیز متحدہ عرب امارات اس میں شامل ہوئے ہیں۔ امید ہے کہ وزیر اعظم مودی، کانفرنس سے الگ عالمی رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کریں گے۔ جناب مودی کانفرنس میں شرکت کے بعد، براسیلیا کا دورہ کریں گے، جو پچھلی تقریباً چھ دہائیوں میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا پہلا دورہ ہوگا۔ اِس دورے میں وہ دونوں ملکوں کے درمیان اہم تعلقات میں گہرائی لانے کے مقصد سے برازیل کے صدر Lula da Silva کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ صدر Lula da Silva کے ساتھ نتیجہ خیز بات چیت کے منتظر ہیں تاکہ بھارت اور برازیل کے درمیان بہت سے بنیادی شعبوں میں اہم شراکت داری کو فروغ دیا جاسکے۔ اِن شعبوں میں تجارت، دفاع، توانائی، خلا، ٹیکنالوجی، زراعت، صحت اور عوام سے عوام کے درمیان رشتے شامل ہیں۔وزیر اعظم مودی ارجنٹینا کے اپنے کامیاب دورے کے بعد، پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے چوتھے مرحلے میں آج صبح Rio de Janeiro پہنچے تھے۔ ارجنٹینا میں انھوں نے کل Javier Milei سے نتیجہ خیز میٹنگ کی تھی۔ بھارت اور ارجنٹینا نے اپنی اہم شراکت داری میں مزید گہرائی پیدا کرنے اور مختلف میدانوں میں تعاون کو فروغ دینے سے اتفاق کیا تھا۔ ان شعبوں میں تجارت، دفاع، خلا، صحت اور دوا سازی شامل ہے۔ وزیر اعظم مودی نے ارجنٹینا کے دورے سے پہلے Trinidad and Tobago اور گھانا کا دورہ کیا تھا۔برازیل میں اپنی سرگرمیوں کے بعد، جناب مودی نامبیا چلے جائیں گے جو پانچ ملکوں کے اُن کے دورے کی آخری منزل ہوگی۔x

**Gujrat Amit Shah**

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ امدادِ باہمی کی سوسائٹیز کا، ملک کی اقتصادی ترقی میں اہم تعاون ہے۔ جناب شاہ نے یہ بات گجرات کے شہر آنند میں Amul اور NDDB کے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ افتتاح کی یہ تقریب امدادِ باہمی کی وزارت کے چار سال پورے ہونے پر منعقد کی گئی تھی۔

S/B Amit Shah Union Minister for Cooperation

انھوں نے یہ بھی کہا کہ دو لاکھ نئے PACs، سہکاریتا یونیورسٹی، پیداوار اور اناج کی فروخت سے متعلق، امدادِ باہمی کی تین سوسائٹیز اور ڈیری سے متعلق امدادِ باہمی کی تین سوسائٹیز، اِن سب سے، ملک کی امدادِ باہمی کی تحریک کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔ جناب شاہ نے ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ اُن کے بغیر، کشمیر بھارت کا اٹوٹ حصہ نہیں بن سکتا تھا۔x

## Bihar Voters List

بہار میں انتخابی فہرست کی خصوصی نظرثانی پر تنازعہ کے درمیان بھارت کے انتخابی کمیشن نے رائے دہندگان کو یہ کہتے ہوئے بڑی راحت دی ہے کہ جن لوگوں کے پاس دستاویزات نہیں ہیں، وہ بھی ذاتی تفصیلات پر مبنی اپنے فارم آن لائن یا آف لائن جمع کراسکتے ہیں۔ ریاست میں آنے والے اسمبلی انتخابات سے قبل سبھی 243اسمبلی حلقوں میں خصوصی نظرثانی مہم تیزی سے جاری ہے۔ چناؤ کمیشن نے یہ سہولت اِس لیے دی ہے کیونکہ ریاست کے مختلف حصوں سے اُسے شکایت موصول ہوئی تھی کہ بہت سے رائے دہندگان کے پاس وہ گیارہ قسم کے دستاویزات نہیں ہیں، جنہیں کمیشن نے فارم کے ساتھ جمع کرنے کو کہا ہے۔

بہار کے اعلیٰ انتخابی افسر کی جانب سے جاری کیے گئے ایک اعلان میں کہا گیا ہے کہ جن لوگوں کے پاس اِن دستاویزات میں سے کوئی بھی دستاویز نہیں ہے، وہ بھی بوتھ لیول افسروں کو اپنے فارم جمع کراسکتے ہیں۔ اِن دستاویزات کی تصدیق، بعد میں مقامی طور پر چھان بین کیے جانے اور دوسرے ثبوتوں کی بنیاد پر الیکٹورل رجسٹریشن افسر کریں گے۔ راشٹریہ جنتا دل، کانگریس اور بائیں بازو کی پارٹیوں جیسی اپوزیشن پارٹیوں نے خصوصی نظرثانی مہم کی سخت مخالفت کی ہے۔ جبکہ BJP، جنتا دل یونائیٹڈ اور دیگر پارٹیوں سمیت حکمراں مخلوط اتحاد نے اِس کی حمایت کی ہے۔ اِس مہینے کی 26تاریخ تک فارم جمع کیے جاسکتے ہیں اور رائے دہندگان کی جانب سے اب تک ایک کروڑ 69لاکھ فارم جمع کیے گئے ہیں۔ خصوصی نظر ثانی مہم 25جون سے شرع کی گئی ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات نے آج کہا ہے کہ شمال مغرب، مغربی ساحل اور شمال مشرقی بھارت میں آئندہ چھ سات دن تک شدید سے بہت شدید بارش ہوگی۔ اِس کے علاوہ کل، چھتیس گڑھ، ودربھ اور مشرقی مدھیہ پردیش میں الگ الگ جگہوں پر شدید سے بہت شدید اور کہیں کہیں انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ اگلے دو دن تک مغربی مدھیہ پردیش میں بھی بہت شدید بارش کا امکان ہے اور 9جولائی کو مشرقی راجستھان میں بھی اسی طرح کی بارش کا امکان ہے۔

اُدھر تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں 9جولائی تک موسم، گرم اور نم رہنے کا امکان ہے۔ اِسی دوران، دلّی میں آج آسمان ابرآلود رہا اور ہوا میں نمی رہی۔ آج دوپہر دلّی کے بہت سے علاقوں میں ہلکی بارش ہوئی۔x

## Uttarakhand Weather

اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے آج، اُترکاشی ضلع میں شدید بارش سے متاثرہ علاقوں کا فضائی سروے کیا اور تباہی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت راحت کا کام تیز رفتاری سے انجام دے رہی ہے تا کہ متاثرہ لوگوں تک ضروری امداد بروقت پہنچ سکے۔

پیش ہے ایک رپورٹ …

VC Santosh Thapliyal

وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے یمنوتری کے راستے پر سِلائی بند علاقے کے نزدیک شدید بارش اور زمینی تودے گِرنے سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے آج فضائی معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران، انھوں نے سڑکوں، پُلوں، زرعی زمین اور رہائشی علاقوں کے نقصانات کا بھی جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ متاثرہ علاقوں کی اصل صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد راحت اور بچاؤ کارروائی کا ایک بار پھر جائزہ لیا جائے گا۔ انھوں نے SDRF،NDRF اور ضلع انتظامیہ کی کوششوں کو سراہا۔ انھوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ بے گھر کنبوں کیلئے وافر شیلٹرز، خوراک، طبی امداد اور دیگر لازمی سامان کو یقینی بنائیں۔

دہرہ دون سے سنتوش تھپلیال کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں رضی احمد

## HP Weather

ہماچل پردیش میں مانسون کی شدید بارش جاری ہے۔ پچھلے 24 گھنٹے میں، ہمیرپور ضلعے میں آگھار کے مقام پر 110ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی جو ابھی تک کی سب سے زیادہ بارش ہے۔

اِسی دوران، منڈی اور چمبا ضلعوں میں بادَل پھٹنے کے واقعات پیش آئے ہیں، جس کی وجہ سے معمول کی زندگی شدید متاثر ہوئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے ریاست کے دس ضلعوں میں اگلے 24 گھنٹے کے دوران، شدید بارش اور اچانک سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے۔ اس پیشگوئی کے سبب لوگوں کو چوکنا رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Ritesh

ہماچل پردیش کے زیادہ تر علاقوں میں آج بھی شدید بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ قدرتی آفات سے نمٹنے والی ریاستی اتھارٹی کے مطابق 20جون سے لے کر اب تک 16دن میں ریاست میں بادَل پھٹنے کے 14واقعات رونما ہوچکے ہیں اور شدید بارش کے سبب آٹھ مرتبہ اچانک سیلاب آچکا ہے۔بارش سے متعلق واقعات میں 78لوگوں کی جان جاچکی ہے، 121افراد زخمی ہوچکے ہیں اور 37اب بھی لاپتہ ہیں۔منڈی ضلع، قدرتی آفات سے، سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے جہاں 20اموات ہوئی ہیں، 31لوگ لاپتہ ہیں اور 142مکانات پوری طرح تباہ ہوگئے ہیں۔ ضلع میں راحت اور بازآبادکاری کی کوششیں جنگی پیمانے پر جاری ہیں۔اِسی دوران، شملہ میں موسمیات کے مرکز نے کانگڑا، منڈی اور سِرمور ضلعوں میں شدید بارش کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ لاہول–اسپتی اور کِنّور کو چھوڑ کر سبھی ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

شملہ سے ریتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Jagannath Puri

بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بالا بھدر اور دیوی سُبھدرا کی 'Suna Besha' کی رسم کو دیکھنے کیلئے آج شام اوڈیشہ کے مقدس شہر پوری میں دنیا بھر سے لاکھوں عقیدتمند اکٹھا ہوئے۔ یہ دیوی دیوتا، Sri Gundicha مندر میں 9دن رکنے کے بعد بارہویں صدی کے مقدس مقام Lions' Gate واپس آئے ہیں۔ 'Suna Besha' کیلئے

Sri Mandir کے نزدیک اور پوری میں وسیع حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ......

VC Prakash Dash

Ashadha Shukla Ekadashi کے مبارک موقعے پر پوری میں Singhadwar کے مقام پر عقیدتمند بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بالا بھدر اور دیوی سُبھدرا کا درشن کر رہے ہیں۔ اُنہیں سنہرے لباس اور سونے کے زیورات سے سجایا گیا ہے۔ رتھ یاترا کی سب سے اہم تقریبات میں سے ایک Suna Besha دلکش منظر پیش کرتی ہے۔پوری میں دیوی دیوتاؤں کا درشن کرنے کیلئے گرانڈ روڈ پر تقریباً 15لاکھ عقیدتمند اکٹھا ہوئے ہیں۔ رسم و رواج کے مطابق اِن دیوتاؤں کو کل، اُن کی رتھوں پر خوش ذائقہ مشروب Adhara Pana دیا جائے گا۔ اس کے بعد اُنہیں منگل کو Pahandi جلوس کے ساتھ رتھوں سے Sri Mandir کے انتہائی مقدس مقام پر واپس لے جایا جائے گا۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Kailash Mansarover Yatra

کیلاش مانسرور کے یاتریوں کا دوسرا جتھہ ماؤنٹ کیلاش اور مانسرور کی مقدس یاترا پوری کرکے آج گنگٹوک واپس پہنچ گیا۔ 47یاتریوں پر مشتمل دوسرے جتھے نے گزشتہ مہینے کی 25تاریخ کو ناتھولا سرحد پار کرکے اپنی یاترا شروع کی تھی۔ یاتریوں نے بہتر انتظامات اور مہمان نوازی کیلئے سکّم حکومت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ x

## Shoora e Muharram

عاشورۂ محرم آج ملک کے مختلف حصوں میں عقیدت اور احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے حضرت امام حسینؓ اور اُن کے جانثار ساتھیوں نے حق و صداقت اور انصاف کی سربلندی کیلئے میدانِ کربلا میں ، جوعظیم قربانی پیش کی تھی، اُس کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔

اِس موقع پر تعزیوں کے جلوس نکالے گئے۔ دلّی میں جامع مسجد، حضرت نظام الدین، اوکھلا اور مہرولی سمیت مختلف مقامات پر تعزیے کے جلوسوں کا اہتمام کیا گیا۔ملک کے دیگر حصوں سے بھی یومِ عاشورہ منائے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ اِس موقع پر سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے حضرت امام حسینؓ کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ حضرت امام حسینؓ سچائی کے تئیں اپنے عہد پر عمل پیرا رہے اور لوگوں کو ناموافق اور مشکل حالات میں بھی حق و صداقت کو سربلند رکھنے کی تحریک دی۔ x

## Isarel Hamas Talks

اسرائیل نے جنگ بندی – یرغمال سمجھوتے پر حماس کے ساتھ بات چیت کیلئے آج ایک ٹیم قطر روانہ کیا

ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد اسرائیل نے بات چیت کی دعوت قبول کرلی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اسرائیل، قطر کی تجویز پر غزہ میں موجود اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کیلئے بات چیت پر رضامند ہوگیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ تجویز میں 60دن کی جنگ بندی، پانچ مرحلوں میں 10 زندہ اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی اور 18یرغمالیوں کی لاشیں سپرد کیا جانا اور اسرائیلی جیلوں میں بند فلسطینی قیدیوں کی رہائی شامل ہے۔ جمعے کو حماس نے ایک بیان میں کہا تھا کہ اُس نے غزہ میں جنگ بندی کی تجویز پر ثالثوں کو مثبت جواب دیا ہے۔ x

## Rev Boxing Medal

بھارت کی ساکشی چودھری نے آج آستانہ میں عالمی مکّے بازی کپ میں خواتین کے 54 کلو گرام کے زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے فائنل میں امریکہ کی Yoseline Perez کو پانچ–صفر سے شکست دی۔آج پہلے سیشن میں چار بھارتی مکّے بازوں نے مقابلہ کیا لیکن صرف ساکشی کو ہی سونے کا تمغہ ملا۔ اِس سے پہلے مناکشی نے 48 کلوگرام کے فائنل میں قزاخستان کی مکّے باز Nazym Kyzaibay کے ساتھ اچھا مقابلہ کیا۔ لیکن اُنہیں چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ جگنو اور پوجا رانی کو بھی چاندی کے تمغے ملے۔ x

## Cricket Ind Eng

کرکٹ میں برمنگھم ٹیسٹ میں آخری خبریں ملنے تک میزبان انگلینڈ نے کھیل کے پانچویں دنا پنی دوسری اننگز میں بھارت کے خلاف کھیلتے ہوئے 9وکٹ پر 259رن بنا لئے تھے۔

انڈرسن–تندولکر ٹرافی کے دوسرے ٹیسٹ میں بھارت نے اپنی پوزیشن مستحکم کرلی ہے۔ اس سے پہلے بارش اور میدان گیلے ہونے کی وجہ سے کھیل تاخیر سے شروع ہوا۔ کھیل کے چوتھے دن کپتان شبھمن گل نے ٹیسٹ میچوں کی تاریخ میں اپنا شاندار کارنامہ انجام دیا۔ شبھمن گل نے پہلی اننگز میں 269رن اور دوسری اننگز میں 161، دونوں اننگز میں کل 430رن اسکور کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆